بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر ص اب/س/2/1/2018 مورخہ 2/اکتوبر 2020

بخدمت

جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

عنوان:۔ **قرارداد نمبر 85**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ 17/ستمبر 2020 میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر 85 منجانب جناب نصراللہ خان زیرے، رکن اسمبلی برائے ملاحظہ و مذید کارروائی ارسال خدمت ہے

" ہرگاہ کہ گزشتہ ایک سال سے کوئٹہ شہر و گردونواح میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور کم وولٹیج کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جبکہ دوسری جانب حبیب اللہ کوسٹل پاور پلانٹ گیس کی بندش کی وجہ سے بند پڑا ہوا ہے جس سے نہ صرف بجلی کا بحران پیدا ہوگیا ہے بلکہ زراعت کا شعبہ تباہ اور سینکڑوں ملازمین کی ملازمتیں داؤ پر لگی ہوئی ہیں۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ آٹھارویں آئینی ترمیم کی روشنی میں صوبہ کے وسیع تر مفاد میں کوئٹہ شہر و گردونواح اور حبیب اللہ پاور پلانٹ کو گیس فراہمی یقینی بنائے تاکہ بجلی کا بحران حل ہو اور ساتھ لوگوں کو روزگار کے مواقع بھی میسر ہوسکیں"

(طاہر شاہ کاکڑ)
سیکرٹری،

نقل برائے اطلاع و ضروری کارروائی مرسل ہوئے:۔

1) جناب نصراللہ خان زیرے رکن اسمبلی/محرک قرارداد۔
2) جناب سیکرٹری برائے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان، ایوان صدر، اسلام آباد۔
3) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم اسلامی جمہوری پاکستان،، اسلام آباد۔
4) جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ آف پاکستان پارلیمنٹ ہاؤس، اسلام آباد۔
5) جناب سیکرٹری، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ، پارلیمنٹ ہاؤس، اسلام آباد۔
6) جناب وفاقی سیکرٹری پانی و بجلی، حکومت پاکستان، اسلام آباد۔
7) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
8) جناب چیئرمین واپڈا، واپڈا ہاؤس، لاہور۔
9) جناب ایم ڈی سوئی سدرن گیس کمپنی لیمیٹڈ، کراچی۔
10) جناب سیکرٹری محکمہ قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
11) جناب چیف ایگزیکیٹو آفیسر کیسکو، بلوچستان، کوئٹہ۔
12) جناب سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفرآباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت بلتستان، گلگت۔

02/10/020

(عبدالرحمٰن)
اسپیشل سیکرٹری، (سوالات)

Scanned with CamScanner